بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ آبادی کی قلّت کا مسئلہ گھمبیر ہو رہا ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی کے نتائج بدظاہر ہو رہے ہیں اوراب مشرق میں اس کو رواج دیا جا رہا ہے' جبکہ اسلامی تعلیمات میں ایسے اقدام سرے سے ممنوع ہیں۔

فاضل مصنف نے موضوع پر روشنی ڈالنے کے لیے بڑے ذخیرہ کتب سے استفادہ کیا ہے جس میں اردو کے علاوہ سو سے زیادہ عربی کتب اور دو درجن انگریزی کتب شامل ہیں۔ یہ کتاب اپنے موضوع پر انتہائی جامع اور معلومات افزا ہے۔ کتاب مجلّد ہے اور ٹائٹل خوبصورت ہے۔

(۲)

نام کتاب : آدابِ خود آگاہی

مصنف : عتیق الرحمٰن صدیقی

ضخامت : ۲۵۶صفحات قیمت:۲۸۰روپے

ملنے کا پتہ : الخدمت پبلشرز' ا۔کینال روڈ' تاج باغ' ہربنس پورہ' لاہور

عتیق الرحمٰن صدیقی ایک عالم دین' ماہر تعلیم اور صاحبِ طرز ادیب ہیں۔ آپ ایک ممتاز علمی خانوادے کے چشم و چراغ ہیں اور آپ کے والد گرامی حیدر زمان صدیقی مرحوم معروف عالم دین اور متعدد کتابوں کے مصنف تھے۔ عتیق الرحمٰن صدیقی شعبہ تعلیم سے وابستہ رہے اور بطور پرنسپل ریٹائر ہوئے۔ ان کی تمام عمر درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کے مشاغل ہی میں بسر ہوئی ہے۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں' جن میں پھول پھول خوشبو' خیالوں کی مہک' شوقِ حرم' نقوشِ سیرت' چراغِ مصطفوی اور باغ کے پھول خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ ان کی تحریر میں سنجیدگی' احتیاط' دین کے ساتھ لگاؤ' عقیدے کی پختگی اور حُبِ رسول ﷺ جیسے عناصر نمایاں ہوتے ہیں۔ صدیقی صاحب ماہنامہ میثاق کے مستقل قلمی معاون ہیں اور ان کے مضامین اپنے علمی و عملی موضوعات اور جاندار مواد کے باعث قارئین میثاق کے لیے کشش رکھتے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ان میں سے منتخب مضامین پر مشتمل ہے۔

مضامین فکر انگیز' نصح و خیر خواہی کے جذبات کے تحت لکھے گئے ہیں جو معلومات افزا اور پُرتاثیر ہیں اور ان میں اسلامی زندگی کے تقاضوں سے آگاہ کیا گیا ہے۔

چند مضامین کے عنوانات یہ ہیں:

قرآن مجید ——جامع کتاب الٰہی
نبی اکرم ﷺ کی حدیث وسنت
دعوت وتبلیغ
امن وسلامتی کی دائمی دعا
نبی اکرم ﷺ —— سرور کونین
محبت الٰہی کا حقیقی معیار
شیطان اور اس کی چالیں
مؤمن اور جذبہ شکر وسپاس

صدق وسچائی —— اخلاقی خوبیوں کی اصل بنیاد۔

کتاب اصلاحِ اخلاق اور متوازن وخوبصورت شخصیت کی تعمیر کے لیے خوب ہے۔ جلد مضبوط اور ٹائٹل خوبصورت ہے۔

(۳)

نام کتاب : دفاعِ امام ابوحنیفہؒ

مؤلف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : ۳۶۱صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ : (۱) مکتبہ رحمانیہ' اردو بازار لاہور (۲) القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ خالق آباد' نوشہرہ

مولانا عبدالقیوم حقانی معروف عالمِ دین' صاحبِ طرز ادیب اور درجنوں کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کی تحریر عام طور پر جامع اور مدلل ہوتی ہے اور موضوع پر سیر حاصل تبصرہ کرنے کی کوششیں کرتے ہیں۔

امام ابوحنیفہ ؒ باکمال شخصیت تھے۔ فقہ اور قانون اسلامی کی تدوین اُن کا بے مثال کارنامہ ہے۔ فقہی مسائل کے حل میں انہیں خصوصی لیاقت حاصل تھی۔ آپ کے شاگردوں نے بھی اسلامی فقہ کی تحقیق میں ناقابلِ فراموش کارنامے انجام دیے۔ امام ابوحنیفہؒ انتہائی ذہین شخصیت تھے۔ مشکل سے مشکل مسائل جن کے حل سے بڑے بڑے صاحب علم عاجز آ جاتے تھے۔ آسانی کے ساتھ حل کر دیتے تھے۔ اس کی تفصیل کتاب کے نویں باب میں مذکور ہے۔

علم وعمل' لازوال کارناموں اور بے نظیر خدمات کی وجہ سے امام صاحب نے عوام الناس کے دل میں گھر کر لیا۔ ان کی ہردلعزیز اور پراثر شخصیت کا چرچا ہوا تو وقت کے حکمران اور امراء اُن کے خلاف ہو گئے۔ اس طرح وہ حاسدین اور مخالفین کے غم وغصہ کا نشانہ بنے۔ امام صاحب کو نیچا دکھانے کے لیے طرح طرح کے حربے استعمال کیے گئے۔ یہاں تک کہ مطلق العنان فرمانروا منصور نے اُن کو کوڑے مارے اور جیل بھیج دیا۔

آج بھی حاسدین کی ایک جماعت امام صاحب کی خدمات سے چشم پوشی کرتے ہوئے ان کے خلاف جھوٹے الزامات لگا کر ان کی شخصیت کو مجروح کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں مستند حوالہ جات کے ساتھ ثابت کیا گیا ہے کہ امام صاحب صحیح طور پر امام اعظم ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مسلم دنیا کے معتدبہ حصے میں امام ابوحنیفہ کی فقہ کے پیروکار ہیں۔

کتاب میں امام ابوحنیفہ کا دفاع تو اپنے انداز میں کیا گیا ہے' مگر جسٹس ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن اور ڈاکٹر اسرار احمد پر تنقید کرتے ہوئے انصاف کا دامن چھوڑ دیا گیا ہے اور ان کی اتحاد بین المسلمین کی کوشش اور مخلصانہ دینی خدمات سے اغماض برتا گیا ہے۔ تاثر یہ دیا گیا ہے کہ خالص فقہ حنفی ہی فقہ اسلامی ہے اور غیر حنفی لوگ اسلام کی کوئی خدمت نہیں کر رہے بلکہ الٹا فتنے اٹھا رہے ہیں۔ فرقہ واریت کو ہوا دینے والا یہ نظریہ ضرور محل نظر اور قابل اصلاح ہے۔ جب تک مسلمان فقہی مسائل میں توسع سے کام نہیں لیں گے اتحاد بین المسلمین کا خواب شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا۔